اَسْمَاءُ الافعالِ

Verbal noun

عربی زبان میں کچھ ایسے کلمات ہیں جو لفظًا اسماء ہیں۔اور معنًی فعل ہیں۔ایسے کلمات افعال نہیں بلکہ " أسماء الأفعال " کہلاتے ہیں۔

زمانے کے اعتبار سے افعال کیطرح ان کی تین اقسام ہیں۔

In Arabic there are some words which are literally nouns but meaning wise they are verbs. They are of three kinds in respect of tenses: 1) Nouns which have the meaning of

اسم فعل بمعنى ماضى - اسم فعل بمعنى مضارع - اسم فعل بمعنى امر حاضر

Nouns which have the meaning of ماضی / Nouns which have the meaning of مضارع / Nouns which have the meaning of. امر حاضر

اَسْمَاءُ الافعالِ کی خصوصیات: Characteristics of Verbal Nouns:

اَسْمَاءُ الافعالِ کی کچھ خصوصیات ہیں جو افعال کے استعمال میں نہیں پائی جاتیں۔

Verbal nouns have characteristics which are not found in verbs.

اختصار حاصل کرنے کے لیے: اسم فعل لفظًا فعل سے زیادہ مختصر ہوتا ہے۔

مثلًا اسم فعل " هَاتِ " بمعنی فعل امر " اَعْطِنِي " (مجھے دے دو، لے آو) کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

هَاتِ میں حروف کی تعداد کم ہے فعل امر "اَعْطِنِي" کے مقابلے میں۔

-For brevity verbal noun is smaller than a verb. e.g. Verbal Noun ‘Haati’ is used in the meaning of ‘Aa’tinee’ (Give me, Bring me). ‘Haati’ has less numbers of letters than ‘Aa’tinee’.

دوسرا فائدہ ہے کہ اسم فعل کے عمومًا صیغے نہیں بدلتے۔مثلًا اسم فعل "رُوَيدَ" مذکر مونث، واحد و تثنیہ و جمع سب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

-For brevity verbal noun is smaller than a verb. e.g. Verbal Noun ‘Haati’ is used in the meaning of ‘Aa’tinee’ (Give me, Bring me). ‘Haati’ has less numbers of letters than ‘Aa’tinee’.

اسم فعل جس فعل کے معنی میں آتا ہے،اس میں فعل کی نسبت زیادہ شدت اور مبالغہ پایا جاتا ہے مثلًا۔

The verbal noun has more intense and exaggerated expressions than the verb having the same meanings. e.g.

"أَتَوَجَّعُ" کا معنی (تکلیف کو ظاہر کرتا ہے) جبکہ اسم فعل " آه " جو بمعنی "أَتَوَجَّعُ" استعمال ہوتا ہے شدید تکلیف پر دلالت کرتا ہے۔

’ Atawajja’u’ has the meaning of expressing anguish. Whereas the verbal noun ‘Ah!’ used for the same denotes intense anguish.

 © copy rights reserved

اسمآء الافعالِ قواعد
Rules for Verbal Nouns

- یہ مضاف نہیں بنتے۔

- They never occur as Mudaaf.

- یہ فعل کی طرح عامل ہوتے ہیں۔اوران کا معمول ان پر مقدم نہیں ہوتا۔

- They are causative like verbs and the word they affect do not precede them.

- ان میں تنوین والے نکرہ اور بغیر تنوین کے معرفہ ہیں۔

- Those of them with tanween are Nakirah and without tanween are Ma'rifah.

- یہ فعل ماضی اورامر کیطرح مبنی ہوتے ہیں۔اس لیے ان کا اعراب نہیں ہوتا۔

- Like a verb they are indeclinable (Mabni) and so they don't have any I'raab.

- اسم فعل امر حاضر کے صیغوں میں فاعل مستتر ہوتا ہے۔اور بعد والا اسم مفعول بہ بنتا ہے۔

- In Amr Haazir form of verbal noun Faail is hidden and the noun after it becomes Mafool.

- اسم فعل کی ترکیب اس فعل کے مطابق کی جائے گی جس کے معنی میں یہ استعمال ہو رہا ہو۔

- The verbal noun is analysed in the way the verb having the same meaning is analysed.

اسم فعل بمعنی ماضی
Verbal Noun having meaning of past

هَيْهَاتَ: بمعنی بَعُدَ (دور ہونا) جیسے هَيْهَاتَ جَمَالٌ (جمال دور ہوا)

'Haihaata': in the meaning of 'Ba'uda' (to go away) Haihaata Jamaalun. (Beauty went away.)

﴿هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوعَدُوْنَ﴾ [23:36]

بعید بالکل بعید ہیں وہ باتیں جن کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے

How far, how far, is that which you are promised.

© copy rights reserved

اسم فعل بمعنی مضارع

Verbal Noun having meaning of present

أُفٍّ (میں تو تنگ آگیا ہوں) بمعنی **أَتَضَجَّرُ** (میرا دل پریشان ہوتا ہے) کلمہ بیزار گی

'Uffin': (I am fed up.) in the meaning of 'Atadajjaru' (My heart is stressed.)

﴿فَلَا تَقُل لَّهُمَآ أُفٍّ﴾ [17:23]

تو انہیں ''اُف'' بھی نہ کہنا

say not to them a word of disrespect, nor shout at them.

اسم فعل بمعنی امر حاضر

Noun having meaning of command.

حَيَّ بمعنی أَقْبِلْ (متوجہ ہو، جلدی کرو، دوڑو) - 'Haiyya': in the meaning of 'Aqbil'

﴿حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة﴾ نماز کی طرف دوڑو جلدی کرو

(Pay attention, Make haste, Run)

اٰمِيْن بمعنی اِسْتَجِبْ (دعا قبول کر) 'Aameen': in the meaning of 'Istajib' (Accept supplication)

صَهْ بمعنی اُسْكُتْ (خاموش ہو جاو) 'Sah': in the meaning of 'Uskut' (Be quiet!)

﴿إِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالإِمَامُ يَخْطُبُ: صَهْ فَقَدْ لَغَوْتَ﴾

جس وقت جمعہ کا خطبہ دے رہا ہو اور تم اپنے ساتھی کو صرف یہ کہو کہ خاموش رہو تو تم نے لغو کام کیا۔

"Even saying to your companion 'Listen' while the imam is giving the khutba on the day of jumua, is to speak foolishly."

☆☆☆☆☆

© copy rights reserved